© rasailojaraid.com

# ارباب مدارس کے نام مولانا ابوعمار زاہد الراشدی صاحب کا مکتوب!

مکرمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مزاج گرامی۔

گزارش ہے کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۸، ۱۹/اپریل ۲۰۰۷ بمقام ملتان میں دینی مدارس کے فضلا کے لیے تخصصات کے نصابات کے بارے میں سفارشات اور تجاویز مرتب کرنے کا کام ایک کمیٹی کے ہمراہ راقم الحروف کے سپرد کیا ہے اور ہمارا ارادہ ہے کہ اس سلسلے میں موجودہ حالات، ضروریات، تحدیات اور امکانات کو سامنے رکھتے ہوئے ایک جامع رپورٹ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کی خدمت میں پیش کی جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اس حوالے سے آنجناب سے تعاون اور راہ نمائی کی درخواست کر رہا ہوں جس کی عملی صورت یہ ہوگی کہ:

○ آپ کے ہاں دینی مدارس کے فضلا کے لیے کسی شعبہ کے تخصص کا نصاب پڑھایا جا رہا ہو تو اس کی ایک کاپی مہیا فرمادیں۔

○ آپ کے ہاں کسی دوست یا جماعت نے اس سلسلے میں کوئی علمی کام کیا ہو تو اس سے آگاہ فرمائیں اور اس کا ضروری مواد ارسال فرمادیں۔

○ آپ کے ہاں کسی دوست یا جماعت نے اس سلسلے میں کوئی علمی کام کیا ہو تو اس سے آگاہ فرمائیں اور اس کا ضروری مواد ارسال فرمادیں۔

○ مندرجہ ذیل امور کے بارے میں اپنی گراں قدر رائے اور تجاویز سے مستفید فرمائیں:

۱۔ درس نظامی کے فضلا کے لیے کون کون سے شعبے میں تخصص کی ضرورت ہے؟

۲۔ تخصصات کا دورانیہ کتنا ہونا چاہیے؟

۳۔ نصاب کی ضروریات کیا ہیں اور اس کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

۴۔ ضرورت کے مطابق اساتذہ کی فراہمی کی کیا صورت ہوگی؟

۵۔ فضلا کی ذہنی، فکری، اخلاقی، روحانی اور عملی تربیت کے لیے آپ کیا طریق کار تجویز کرتے ہیں؟

اگر آپ اس سلسلے میں اپنی رائے گرامی سے ۳۱/مئی ۲۰۰۷ تک آگاہ فرماسکیں تو ہمارے لیے کام بروقت شروع کرنا آسان ہو جائے گا۔ امید ہے کہ راہ نمائی اور تعاون سے نوازیں گے اور اس کار خیر میں موثر پیش رفت اور کامیابی کے لیے بارگاہ ایزدی میں دعا بھی فرمائیں گے۔

شکریہ! والسلام

ابوعمار زاہد الراشدی

صدر مدرس نصرۃ العلوم، فاروق گنج، گوجرانوالہ

رکن مجلس عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

۵/مئی ۲۰۰۷


© rasailojaraid.com